## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے فون پر گفتگو، عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی

## موجودہ مشکل اور نازک حالات میں جمہوری حکومت جس طرح دانشمندی وحکمت اور تدبر سے کام کررہی ہے وہ قابل تعریف ہے۔ الطاف حسین

## ملک کو مشکلات سے نکالنے کیلئے بھرپور کوششیں کرنے پر وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کو الطاف حسین کا خصوصی خراج تحسین

## حکومت اور اس کے تمام ادارے ملک کو نازک اور مشکل صورتحال سے نکالنے کیلئے مشترکہ طور پر بھرپور کوششیں کررہے ہیں اور حکومت کو اس سلسلے میں ایم کیوایم سمیت تمام دوستوں کا تعاون بھی حاصل ہے۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی

لندن۔۔۔10دسمبر 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بدھ کی شب وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی کو فون پر عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ موجودہ مشکل اور نازک حالات میں جمہوری حکومت جس طرح دانشمندی وحکمت اور تدبر سے کام کررہی ہے وہ قابل تعریف ہے۔ انہوں نے ملک کو مشکل صورتحال سے نکالنے کیلئے وزیرعظم یوسف رضا گیلانی کی کوششوں کو سراہا اور انہیں خصوصی خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو اس وقت قومی یکجہتی کی اشد ضرورت ہے اور وقت کا تقاضہ ہے کہ ملک کی تمام جمہوری قوتیں اپنے سیاسی اختلافات اور مفادات کو ایک طرف رکھ دیں اور سب مل کر ملک کو بچانے اور نازک وقت سے نکالنے کی کوششیں کریں۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کو موجودہ صورتحال میں اپنے ہرقسم کے تعاون کا یقین دلایا۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین کے خیالات کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت اور اس کے تمام ادارے ملک کو نازک اور مشکل صورتحال سے نکالنے کیلئے مشترکہ طور پر بھرپور کوششیں کررہے ہیں اور حکومت کو اس سلسلے میں ایم کیوایم سمیت تمام دوستوں کا تعاون بھی حاصل ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ان کی حکومت دہشت گردی سے نمٹنے کے ساتھ ساتھ ملک کو معاشی طور پر مستحکم کرنے اور تیل، گھی کی قیمتیں اور کرائے کم کرکے عوام کو ریلیف دینے کی بھی بھرپور کوشش کررہی ہے۔ اس موقع پر جناب الطاف حسین اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کے درمیان باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔

## عوام نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو گزشتہ سال کے مقابلے میں کئی گنا زیادہ کھالیں عطیہ کی ہیں جو اس پر عوام کے اعتماد کا کھلا مظہر ہے۔ الطاف حسین

## ایم کیوایم میں مختلف قومیتوں، مکاتب فکر اور مذاہب کے لوگ شامل ہیں، ہماری نظر میں سب برابر ہیں

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ میں ذمہ داران وکارکنان اور رضا کاروں سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔10، دسمبر 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کیلئے قربانی کی کھالیں جمع کرنے والے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران، کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کو شاباش اور زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ میں ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان، حق پرست نمائندوں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ سندھ کے عوام نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو گزشتہ سال کے مقابلے میں کئی گنا زیادہ کھالیں عطیہ کی ہیں جو ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی بلاامتیاز وتفریق عوامی خدمت پر عوام کے اعتماد کا کھلا مظہر ہے۔ انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو بڑی تعداد میں قربانی کی کھالیں دینے پر سندھ کے عوام سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار عیدالاضحیٰ کے موقع پر اپنی عید کی خوشیوں کو قربان کرکے اور اپنا گھر بار چھوڑ کر غریب ومستحق افراد کیلئے کھالیں جمع کرنے میں مصروف ہیں جس پر میں ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات، صوبائی کمیٹیوں، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ارکان، رضا کاروں، تمام زونوں، سیکٹروں اور یونٹوں کے ذمہ داران اور ایک ایک کارکن کو دل کی گہرائی سے شاباش اور زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں کوئی وڈیرہ یا جاگیردار نہیں ہوں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والا فرد ہوں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ اس نے عوام کے دلوں میں میرے لئے ایسی محبت ڈال دی ہے کہ جو ایک مرتبہ ایم کیوایم میں شامل ہوجاتا ہے وہ پھر ایم کیوایم کا ہی ہوکر رہ جاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم میں مختلف قومیتوں، مکاتب فکر اور مذاہب کے لوگ شامل ہیں اور انہیں ایم کیوایم میں کوئی اجنبیت محسوس نہیں ہوتی کیونکہ ہماری نظر میں سب کیلئے برابر کی جگہ ہے۔ اس موقع پر مختلف شعبہ جات کے کارکنان نے جناب الطاف حسین کو قربانی کی کھالوں کی تفصیلات سے بھی آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ اس سال خدمت خلق فاؤنڈیشن کو گزشتہ سال کے مقابلے میں زیادہ کھالیں حاصل ہوئی ہیں اور عوام نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ساتھ بھرپور تعاون کیا ہے۔

## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کی وفاقی مشیرداخلہ رحمٰن ملک اوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے فون پر گفتگو،عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی

### سندھ کے تمام وزراء،مشیروں اورپیپلزپارٹی کے تمام ارکان اسمبلی کوبھی الطاف حسین کی جانب سے عید کی مبارکباد

### ملک کونازک حالات سے نکالنے کیلئے الطاف حسین کے نیک خیالات اورکوششوں کا وفاقی مشیرداخلہ کی جانب سے خیرمقدم

### سابق وزیراعظم محترمہ بینظیر بھٹوشہید کواقوام متحدہ کی جانب سے عالمی امن ایوارڈ ملنے پروزیراعلیٰ سندھ کوالطاف حسین کی مبارکباد

### کاش محترمہ بینظیر بھٹوکو یہ ایوارڈان کی زندگی میں ملتا۔الطاف حسین کی سید قائم علی شاہ سے گفتگو

لندن۔۔۔10،دسمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وفاقی مشیرداخلہ رحمٰن ملک اوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ کوفون کرکے عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی۔جناب الطاف حسین نے رحمٰن ملک سے گفتگوکرتے ہوئے انہیں اوران کے تمام احباب اورمحکمہ داخلہ کے تمام حکام کوبھی عید کی مبارکباد پیش کی اورملک میں امن وامان کے قیام اوردہشت گردی کی روک تھام کے سلسلے میں ان کی کوششوں کوسراہا۔جناب الطاف حسین نے اس موقع پرملک کی سلامتی وبقاءاورترقی وخوشحالی کیلئے دعا بھی کی۔وفاقی مشیرداخلہ رحمٰن ملک نے بھی جناب الطاف حسین کوعید کی مبارکباد پیش کی اورملک کونازک حالات سے نکالنے کیلئے جناب الطاف حسین کے نیک خیالات اورکوششوں کوسراہا۔جناب الطاف حسین نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ،سندھ کے تمام وزیروں،مشیروں اورپیپلزپارٹی سے تعلق رکھنے والے تمام ارکان اسمبلی کوبھی عید کی مبارکباد پیش کی۔جناب الطاف حسین نے وزیراعلیٰ سید قائم علی شاہ سے گفتگوکرتے ہوئے انہیں سابق وزیراعظم محترمہ بینظیر بھٹوشہید کواقوام متحدہ کی جانب سے عالمی امن ایوارڈ ملنے کی بھی مبارکباد پیش کی۔انہوں نے کہا کہ کاش محترمہ کو یہ ایوارڈان کی زندگی میں ملتا۔وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے بھی جناب الطاف حسین کوعید کی مبارکباد پیش کی اوران کیلئے نیک خیالات کا اظہارکیا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کوعیدالاضحیٰ کے دوسرے روزبھی کراچی سمیت مختلف شہروں سے بڑی تعداد میں قربانی کی کھالیں حاصل ہوئیں

### ڈاکٹرفاروق ستار،شعیب بخاری اوراراکین رابطہ کمیٹی نے مختلف علاقوں کے دورے کئے

کراچی۔۔۔10،دسمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کوعیدالاضحیٰ کے دوسرے روزبھی کراچی سمیت ملک بھرکے عوام کی جانب سے بڑی تعداد میں قربانی کی کھالیں عطیہ کی گئیں۔اس سلسلے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی،اراکین اسمبلی،شعبہ جات ونگز کے اراکین،سیکٹراوریونٹوں کے کارکنان اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاردوسرے روزبھی بھرپورطریقے سے مصروف رہے اورچرم قربانی کے عطیات دینے پرعوام الناس سے اظہارتشکرکرتے رہے۔قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے سلسلے میں فیڈرل بی ایریا میں قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکز میں مرکزی امدادی کیمپ قائم کیا گیا ہے جہاں سے رابطہ کمیٹی کے ارکان اورمختلف تنظیمی ونگزاورشعبہ جات کے ارکان سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹرفاروق ستار،رابطہ کمیٹی کے رکن ومینیجنگ ٹرسٹی شعیب بخاری اوردیگراراکین رابطہ کمیٹی نے کراچی کے مختلف علاقوں کے دورے کئے اورعوام کی جانب سے بڑی تعداد میں مقامی سطح پرعطیہ کی گئیں کھالوں کا جائزہ لیا اورکارکنان ورضا کاروں سے ملاقات کرکے انہیں دن رات محنت کرنے پرقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست شاباش اورخراج تحسین پیش کیا۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے اس موقع پرعلاقوں کے لوگوں سے عید ملی اورانہیں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی اوربڑی تعداد میں کھالیں عطیہ کرنے پران سے تشکر کا اظہارکیا۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹرفاروق ستارنے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے جب سے اپنی سیاست کا آغازکیا تواس کے ساتھ ہی سیاست برائے خدمت کے فلسفے کومتعارف کرایااورسب سے پہلے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی بنیادڈالی جس کا دائرہ کارآج نہ صرف اندرون ملک بلکہ بیرون ممالک میں بھی بڑی تباہی اورحادثات کے موقع پراس ادارے کے رضا کاراپنی خدمات انجام دے چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ چرم قربانی بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ذریعے غریب ومستحق عوام کی بلاامتیازرنگ ونسل خدمت کا باعث بنے گی۔

## ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر کے کارکن محمد عاطر فاروقی چرم قربانی جمع کرتے ہوئے دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگئے،ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔10، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ گلشن اقبال یونٹ 68 کے کارکن محمد عاطر فاروقی عیدالاضحیٰ کے پہلے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کیلئے قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے دوران دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کرگئے۔انکی عمر 36 سال تھی اور وہ گلشن اقبال سیکٹر کے سرگرم کارکن تھے۔مرحوم کے سوگواران میں چھ بھائی اور تین بہنیں شامل ہیں۔محمد عاطر فاروقی مرحوم کوعظیم خان گبول گوٹھ اسکیم 33 کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی،حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدر رضوی،رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی،گلشن اقبال ٹاؤن کے حق پرست نائب ٹاؤن ناظم شعیب اختر،یوسی ناظمین،کونسلر،ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر کمیٹی کے اراکین،کارکنان،ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محمد عاطر فاروقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے کہا کہ تحریک کیلئے محمد عاطر فاروقی کی خدمات یادرکھی جائیں گی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی محمد عاطر فاروقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے تمام سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے(آمین)۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکنان کے والد، والدہ اور نائن زیرو کی پڑوسن محترمہ رضیہ یوسف کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔10، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کی پڑوسن محترمہ رضیہ یوسف،ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 166 کے کارکن محمد طارق قریشی کے والد محمد حنیف قریشی اور لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 165 کے کارکن ساجد جمیل کی والدہ محترمہ سلمیٰ انجم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی عطا کرے۔دریں اثناء محترمہ رضیہ یوسف کو سخی حسن قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست اراکین سندھ اسمبلی انور عالم،خالد بن ولایت ایڈوکیٹ،گلبرگ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم کمال احمد،ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی عمرانہ سعید،شگفتہ صادق اور رکن سندھ اسمبلی شہباز سیف الدین نے مرحومہ کی رہائشگاہ جاکر سوگوار خواتین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ کے بلند درجات کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆